Islamiat (Urdu Medium) - FSC Part 1 Islamiat Short Questions Preparation

Q1. غیبت اور اتہام میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: غیبت سے مراد کسی شخص کی عدم موجودگی میں اس کی برائی کرنا جو اس میں موجود ہے،اس کے متعلق بہت سخت عید آئی ہوئی ہے.اور ایسے شخص کو مردہ بھائی کا گوشت کھانے کو تشبیہ دیا ہو،

Ans 2: اتہام سے مراد کسی شخص کا ایسا عیب بیان کرنا کو واقعتا اس میں موجود نہ ہو اور یہ ڈبل گناہ ہے کہ صرف کسی ذاتی وجہ سے کوئی شخص کسی شخص پر ایسا الزام لگائے کہ جو اس میں نہ ہو،بظاہر یہ بھی ایک بڑا ظلم اورزیادتی ہے.

Q2. حدیث(ص) کی روشنی میں مسجد کی عظمت بیان کریں.

Ans 1: 1.مسجدیں آخرت کے باغات ہیں. 2.مسجدیں جنت کا باغات ہیں. 3.مسجدیں اللہ کے گھر ہیں.

Q3. سنت نبوی(ص) کی حفاظت کیسے ہوئی؟

Ans 1: اللہ کی طرف سے رسول(ص) کی حفاظت کا بھی عظیم انتظام کیا گیا.ہر دور میں محدثین کرام کی اسی جماعت موجوف رہی جس نے سنت نبوی کی حفاظت کے لیے اپنی زندگیاں وقف کردیں،چونکہ سنت قرآن مجید کی شرح ہے جو قیامت تک کے انسان کے لیے سر چشمہ ہدایت ہے اس لیے اللہ نے جس طرح قرآن مجید کی حفاظت کا انتظام کیا ساتھ ساتھ سنت نبوی کی حفاظت کا انتظام بھی فرمادیا.

Q4. فرشتوں کے لیے کونسے دو نام استعمال ہوئے ہیں؟

Ans 1: فرشتے کو عربی میں ملک کہتے ہیں.جس کے لغوی معنی قاصد کے ہیں.فرشتوں کے لیے رسول کر لفظ بھی استعمال ہوا ہے.کیونکہ اس کے لغوی معنی بھی قاصد کے ہیں.چونکہ فرشتے خالق اور مخلوق کے درمیان پیغام رسانی کا فرض ادا کرتے ہیں اس لیے ان کو ملک اور رسول بھی کہا جاتا ہے.

Q5. طائف کے سرداروں نے آپ(ص) کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

Ans 1: حضرت محمد (ص) نے قریش کی سخت مخالفت کو دیکھ کر وادی طائف کا قصد کیا تاکہ وہاں کے رہنے والوں کو دین اسلام کی دعوت دیں،طائف کے سرداروں نے حضرت محمد(ص) کی دعوت پر لبیک کہنے کی بجائے آپ(ص) سے نہایت غیر مہذب اور ناشائستہ برتاؤ کیا،آپ(ص) پر اتنے پتھر برسائے کے آپ(ص) کا جسم مبارک لہو لہان ہوگیا.حتی کہ جوتے بھی خون سے بھر گئے،

Q6. صحاح ستہ میں سے کوئی سی دو کتابوں کے نام اور ان کے مولفین کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.(صحیح بخاری : امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری(رح) 2.صحیح مسلم : امام مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری(رح)

Q7. کن دو چیزوں کو مضبوطی تھامے کا حکم دیا گیا ہے.

Ans 1: قرآن اور سنت رسول اللہ دو چیزوں کو مضبوطی سے تھامے رکھنے کا حکم ہے،پھر پھر گمراہ ہونے سے بچ سکو گے.

Q8. رسول اور نبی میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: ???? ?? ???? ???? ?? ????? ???? ?? ??? ???? ?? ?? ????? ?? ???? ???? ?? ??? ??? ???? ????? ????? ??? ???? ?? ????? ?? ?? ??? ????? ??? ??? ???? ?? ????? ?? ?? ???? ??? ?? ??? ????? ??? ??? ??.

Ans 2: نبی سے مراد اللہ کا وہ خاص بندہ ہے جو کو اللہ نے لوگوں کو اپنے ارشادات سے آگاہ کرنے کے لیے اور ایسی باتوں سے باخبر کرنے کے لیے منتخب کیا ہو جولوگوں کے حواس سے باہر ہوں.

Q9. نماز کی اہمیت سے متعلق ایک قرآنی آیت کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: مفہوم: ایک آیت میں مذکور ہے کہ جب عذاب کے فرشتے جنہیں سے عذاب پانے کی وجہ دریافت کریں گےتو وہ اپنے جہنم میں پھینکنے جانے کی ایک وجہ بتائیں گے ترجمہ: "وہ بولے ہم نہ تھے نماز پڑھتے". دل و زبان سے اللہ تعالی کو معبود تسلیم کرنے کے بعد اس کے سب سے اہم حکم نماز کی ادائیگی سے انحراف ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کو معبود سے انکار کے برابر ہے.

Q10. مدافعانہ جہاد سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اگر کسی غیر مسلم ریاست کی مسلمان رعایا پر محض اس کے مسلمان ہونے کی وجہ سے ظلم و ستم ڈھایا جاتا رہا ہوتو عالم اسلام کےلیے ظلم و ستم سے نجات دلانے کی ہر ممکن کوشش کرنا مدافعانہ جہاد کہلاتا ہے.

Q11. دو غلام صحابہ اکرام(رض) کے نام تحریر کریں.

Ans 1: 1.حضرت سلمان بن فارسی(رض) 2.حضرت زیب بن ثابت(رض)

Q12. منافق کی دو اقسام لکھیں.

Ans 1: منافق کی دو اقسام ہیں 1.اعتقادی منافق: اس سے مراد ایسا منافق ہے جو دل سے سے اسلام کی صداقت و حقانیت کا قائل نہ ہو لیکن کسی مصلحت یا شرارت کی بنا پر اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں اور اسلام کو نقصان پہنچاتا ہے. عملی منافق: اس سے مراد وہ منافق ہے جو خالص نیت سے اسلام قبول کرتا ہے لیکن بعض بشر کمزوریوں کی وجہ سے اسلام کے عمل احکام پر چلنے میں سستی اور کوتاہی کرتا ہے.

Q13. اللہ کی کوئی سی دو صفات تحریر کریں.

Ans 1: 1. کائنات کا یہ نظم و ضبچ اس بات کی دلیل ہے کہ ایسی اعلی و برتر ذات موجود ہے جس نے کائنات میں یہ خوب صورت نظام پیدا فرمایا ہے 2.جس طرح زمین و آسمان اور ساری کائنات وجود باری تعالی کی گواہی دیتے ہیں اسی طرح انسان کی فطرت کی آواز بھی یہی ہے. اللہ سب کا مالک ہے اور اللہ سب کا رازق ہے.

Q14. ایثار پر نوٹ لکھیں.

Ans 1: دنیا پرستی اگر انسان کو خود غرضی اور مفاد پرستی سکھاتی ہے تو خدا پرستی اس میں جذبہ ایثار پیدا کرتی ہے ،وہ خود تکلیف اٹھا کر خلق خدا کو راحت و آرام پہنچاتا ہے،اس کا عمل اللہ کی بارگاہ میں شرف قبولیت پائے گا.اور اخروری نعمتوں کے حصول کا سبب بنے گا.

Q15. تدوین قرآن کے حوالے سے حضرت عثمان (رض) کی خدمت لکھیں.

Ans 1: حضرت عثمان (رض) نے اپنے عہد خلافت میں ام المومنین حضرت حفصہ(رض)سے وہ مصحف جو حضرت عمر(رض) کی وفات کے بعد ان کی تحویل میں آیا تھا ،اسے میگوا کر اس کی متعدد نقلیں اپنی نگرانی میں تیار کراوائیں اور تمام قلمر خلافت میں اس کے نسضے بھجوادیئے.

Q16. قرآن کی تاثیر پر نوٹ لکھیں.

Ans 1: قرآن مجید چونکہ کلام الہی ہے اس لیے اس میں پڑھنے والوں کے لیے بلک کی تاثیر رکھ دی گئی ہے ،اس تاثیر کا انداز قرآن مجید کی اس آیت سے ہوتا ہے: ترجمہ:" اگر ہم اتارتے یہ قرآن ایک پہاڑ پر تو دیکھ لیتا کہ وہ دب جاتا اللہ کے ڈر سے ". یہ اسی تاثیر کا سبب ہے کہ ایک مومن اس کی تلاوت کے دوران ایک عجیب کیفیت اپنے دل میں محسوس کرتا ہے یہی دراصل ایمانی کیفیت ہے جو تعلق با اللہ میں استواری اور قرآنی تعلیمات کو اپنے اندز جذب کرنے کا باعث بنتی ہے.

Q17. مسلمانوں نے مسیلمہ بن کذاب کے خلاف جنگ کیوں کی؟

Ans 1: حضرت ابوبکر(رض) کے دور خلافت میں مسیلمہ بن کذاب نے نبوت کا جھوٹا دعوی کیا تو مسلمانوں کی جنگ مسیلمہ بن کذاب کے ساتھ ہوئی چنانچہ اس کی سرکوبی کے لیے آپ(رض) نے ایک لشکر بھیجا جس میں اکثر حفاظ قرآن بھی تھے اس جنگ میں بہتر حفاظ قرآن شہید ہوئے.

Q18. زکٰوۃ کے دو مصارف تحریر کریں.

Ans 1: 1.مساکین 2.فقراء

Q19. احادیث کی روشنی میں ہمسائے کے چاع حقوق بیان کریں.

Ans 1: ہمسائے کے چار حقوق 1.اگر پڑوسی کی مدد کی ضرورت پڑے تو اس کی مدد کرو 2.قرض مانگے تو دو 3.محتاج ہو جائے تو مالی امداد کرو 4.بیمار پڑ جائے تو علاج کرواؤ

Q20. جہاد کے لغوی معنی تحریر کریں.

Ans 1: جہاد کے لغوی معنی کوشش کے ہیں.
